Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

**( For all sessions)**

| Paper Code | 6 | 3 | 7 | 3 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو اعلیٰ (معروضی)

وقت:30 منٹ — نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ''لف ونشر'' کے لغوی معنی ہیں۔
(A) سونا (B) سرقہ کرنا (C) چلے جانا (D) لپیٹنا اور کھولنا

2. استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے۔
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

3. ہمارا شیر جیت گیا ہے۔
(A) کنایہ (B) استعارہ (C) تشبیہہ (D) مطلع

4. ''ایک سب آگ، ایک سب پانی دیدہ و دل عذاب ہیں دونوں'' صفت استعمال ہوئی ہے۔
(A) صفت تضاد (B) لف ونشر (C) مجاز مرسل (D) کنایہ

5. میر امن دہلوی کی وجہ شہرت ہے۔
(A) ناول نگاری (B) افسانہ نگاری (C) داستان نگاری (D) شاعری

6. شریف حسین کا کردار کس سبق میں ہے؟
(A) خدا کی بستی (B) کتبہ (C) امراؤ جان ادا (D) باغ و بہار

7. غلام عباس پیدا ہوئے۔
(A) بنارس میں (B) امرتسر میں (C) لاہور میں (D) دلی میں

8. انار کلی ________ کا لکھا ہوا ڈرامہ ہے۔
(A) امتیاز علی تاج (B) مرزا ادیب (C) غلام عباس (D) پریم چند

9. سرسید نے ادبی رسالہ جاری کیا۔
(A) مخزن (B) نیرنگ خیال (C) نقوش (D) تہذیب الاخلاق

10. ''خدا کی بستی'' ________ کا ناول ہے۔
(A) شوکت صدیقی (B) مرزا ادیب (C) امتیاز علی تاج (D) منشی پریم چند

11. ''زیور کا ڈبہ'' کا اہم ترین کردار ہے۔
(A) پرکاش (B) چمپا (C) ویراندر (D) ٹھاکر

12. امراؤ جان ادا تھی۔
(A) گھریلو خاتون (B) ملازمہ (C) طوائف (D) اُستانی

13. کس نے کہا ''ہندوستان ایک مسکین کتے کی طرح میرے تلوے چاٹ رہا ہے''؟
(A) ایبک نے (B) تغلق نے (C) اکبر نے (D) جہانگیر نے

14. ''فسانۂ عجائب'' میں ماحول پیش کیا گیا ہے۔
(A) دلی کا (B) کراچی کا (C) فیض آباد کا (D) لکھنؤ کا

15. ''زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے'' یہ شعر مثال ہے۔
(A) تشبیہہ کی (B) استعارہ کی (C) مجاز مرسل کی (D) کنایہ کی

16. ''تلمیح'' کا لفظی مطلب ہے۔
(A) اشارہ کرنا (B) سرقہ کرنا (C) دوڑنا (D) سونا

17. مجاز کا مطلب ہے۔
(A) غیر حقیقی (B) حقیقی (C) متضاد (D) مماثل

18. ''کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے'' اس مصرع میں ہے۔
(A) استعارہ (B) مجاز مرسل (C) صنعت تضاد (D) کنایہ

19. ''جزو کہہ کر کل مراد لینا'' کہلاتا ہے۔
(A) کنایہ (B) مجاز مرسل (C) صنعت تضاد (D) استعارہ

20. تشبیہہ کی مثال کی نشاندہی کیجیے۔
(A) بچہ موٹا ہے (B) آبِ حیات (C) کاغذ دودھ کی مانند سفید ہے (D) وہ بلی ہے

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

( For all sessions )

| Subject Code | 6 | 0 | 3 | 7 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو اعلیٰ (انشائیہ)

وقت: 2:30 گھنٹے

نمبر: 80

## حصہ اوّل

2- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15=1+2+12

خدا اگر دلِ فطرت شناس دے تجھ کو
سکوتِ لالہ و گل سے کلام پیدا کر

اٹھا نہ شیشہ گرانِ فرنگ کے احساں
سفالِ ہند سے مینا و جام پیدا کر

میں شاخِ تاک ہوں ، میری غزل ہے میرا ثمر
میرے ثمر سے مئے لالہ فام پیدا کر

3- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=2x(1+4)

(الف)۔ یاد جب مجھ کو مدینے کی فضا آتی ہے
سانس لیتا ہوں تو جنت کی ہوا آتی ہے

خاک چھانیں تو رہِ عشقِ نبی ﷺ میں چھانیں
ذرّے ذرّے سے یہاں بوئے وفا آتی ہے

(ب)۔ رات یوں دل میں تیری کھوئی ہوئی یاد آئی
جیسے ویرانے میں چپکے سے بہار آجائے

جیسے صحراؤں میں ہولے سے چلے بادِ نسیم
جیسے بیمار کو بے وجہ قرار آ جائے

## حصہ دوم

3- درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام، سبق کا عنوان اور سیاق و سباق بھی تحریر کیجیے۔ 10=2+1+1+6

دوسرے دن مجھ سے کہنے لگے: اے بھائی! یہ مکان جس میں تو رہتا ہے ہمیں درکار ہے؛ تو اپنی بود و باش کی خاطر اور جگہ جارہ۔ تب میں نے دریافت کیا کہ یہ میرے باپ کی حویلی میں بھی رہنے سے خوش نہیں۔ لاچار ارادہ اٹھ جانے کا کیا جہاں پناہ! جب میرا باپ جیتا تھا تو جس وقت سفر سے آتا، ہر ایک ملک کا تحفہ بہ طریق سوغات کے لاتا اور مجھے دیتا۔

5- (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=6+4

( i ) جوش ملیح آبادی ( ii ) فیض احمد فیض

(ب)۔ پریم چند کے بارے میں سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 5=3+2

6- درج ذیل کرداروں میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=5+5

(i) پرکاش (ii) جمیلہ (iii) اکبر (iv) خواجہ سگ پرست

7- اُردو نثر کے ارتقا پر نوٹ لکھیے۔ **یا** علامہ اقبال کی شاعری اور اُس کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ 10

8- ''ناول'' اور ''مرثیہ'' پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=5+5

☆

Roll No.______________ امیدوار خود پُر کرے



**( For all sessions)**

| Paper Code | 6 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو اعلیٰ (معروضی)

وقت:30 منٹ

نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B، A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ''قصہ خواجہ سگ پرست کا'' کس داستان سے لیا ہوا اقتباس ہے؟
(A) باغ و بہار (B) فسانۂ عجائب (C) آرائشِ محفل (D) توتا کہانی

2. میرامن کے اندازِ تحریر کی خاص خوبی کیا ہے؟
(A) سادگی (B) شاعرانہ نثر نگاری (C) پُر تکلف تحریر (D) مشکل تراکیب کا استعمال

3. ''فسانۂ عجائب'' کس تہذیب کی عکاسی کرتی ہے؟
(A) دہلوی (B) لکھنوی (C) لاہوری (D) پشاوری

4. ''اُمراؤ جان ادا'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(A) میرامن (B) مرزا ہادی رُسوا (C) غلام عباس (D) پریم چند

5. ''خدا کی بستی'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(A) پریم چند (B) مرزا ادیب (C) غلام عباس (D) شوکت صدیقی

6. سرسید نے ادبی رسالہ جاری کیا۔
(A) مخزن (B) گلِ ادب (C) وادیٔ ادب (D) تہذیب الاخلاق

7. عالیہ کا کردار کس سبق سے لیا گیا ہے؟
(A) کتبہ (B) زیور کا ڈبا (C) آنگن (D) خدا کی بستی

8. ''زیور کا ڈبا'' کا اہم ترین کردار کونسا ہے؟
(A) پرکاش (B) ٹھاکر (C) ویرا ندر (D) چمپا

9. غلام عباس کہاں پیدا ہوئے؟
(A) لاہور (B) بنارس (C) پشاور (D) امرتسر

10. شریف حسین کی موت کے بعد سنگِ مرمر کا ٹکڑا۔
(A) یونہی گھر میں پڑا رہا (B) کہیں گم ہو گیا (C) بیچ دیا گیا (D) اُس کی قبر پر لگا دیا گیا

11. تشبیہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) عربی (B) فارسی (C) اُردو (D) ہندی

12. یہ تشبیہ ہے۔
(A) چاند چہرہ (B) سرو قد (C) ستارہ آنکھیں (D) شیر کی طرح بہادر

13. جس مقصد کیلئے تشبیہ دیں کہلاتا ہے؟
(A) مشبہ بہ (B) وجہِ جامع (C) غرضِ تشبیہ (D) وجہِ شبہ

14. لفظ استعارہ کا لغوی معنی ہے؟
(A) قرار دینا (B) مراد لینا (C) اُدھار لینا (D) اُدھار دینا

15. استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے۔
(A) 4 (B) 3 (C) 2 (D) 5

16. کنایہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) عربی (B) فارسی (C) ہندی (D) اُردو

17. ''تمہارے ہاتھ ہے شرم اِن سفید بالوں کی'' کنایہ کی نشاندہی کیجیے۔
(A) شرم (B) ہاتھ (C) سفید بال (D) تمہارے

18. جزبول کر کُل مراد لے لینا کہلاتا ہے۔
(A) استعارہ (B) مجازِ مرسل (C) تلمیح (D) کنایہ

19. لف و نشر کے لغوی معنی ہیں۔
(A) سونا (B) سرقہ کرنا (C) چلے جانا (D) لپیٹنا اور کھولنا

20. مجاز کا مطلب ہے۔
(A) حقیقی (B) غیر حقیقی (C) متضاد (D) مماثل

Inter -(Part-I) -A-2016

**Roll No.**______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**( For all sessions )**

| Subject Code | 6 | 0 | 3 | 7 |
| --- | --- | --- | --- | --- |

# اُردو اعلیٰ (انشائیہ)

وقت:2:30 گھنٹے

نمبر: 80

## حصہ اوّل

2- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15=1+2+12

جھپٹنا ، پلٹنا ، پلٹ کر جھپٹنا
لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ
یہ پورب ، یہ پچھم ، چکوروں کی دنیا
مرا نیلگوں آسماں بیکرانہ
پرندوں کی دنیا کا درویش ہوں میں
کہ شاہیں بناتا نہیں آشیانہ

3- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=2x(1+4)

(الف)۔ غمِ احمدؐ میں میرے دل سے نکلتا ہے دھواں
یا اُمنڈتی ہوئی قبلہ سے گھٹا آتی ہے
روضہ پاک میں سب ضبط نفس کرتے ہیں
اس گلستان میں دبے پاؤں صبا آتی ہے

(ب)۔ گر جیب میں زر نہیں تو راحت بھی نہیں
بازو میں سکت نہیں تو عزت بھی نہیں
گر علم نہیں تو زور و زر ہے بیکار
مذہب جو نہیں تو آدمیت بھی نہیں

## حصہ دوم

3- درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام، سبق کا عنوان اور سیاق وسباق بھی تحریر کیجیے۔ 10=2+1+1+6

باپ کی باتوں سے ظاہر ہوتا تھا کہ اسے اطمینانِ قلب حاصل ہے۔ اُسے فخر تھا کہ اس نے ۳۶ سال تک بڑی خوش اسلوبی سے سرکاری ملازمت کی اور دیانت داری سے اپنے فرائض انجام دیے۔ ہمیشہ افسرانِ بالا کو خوش رکھا۔ اس کا ریکارڈ صاف ستھرا رہا۔ اسے سواتین سو روپے ماہانہ پنشن مل رہی تھی۔ مزے سے گزر رہی تھی۔ اس نے اپنی تمام اولادوں کو اعلیٰ تعلیم دلا کر اس قابل بنا دیا تھا کہ وہ اچھی زندگی گزار سکتے تھے۔

5- (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر پر سوانحی وتنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=6+4

( i ) امیر مینائی ( ii ) علامہ اقبالؒ

(ب)۔ پطرس بخاری پر سوانحی وتنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 5=3+2

6- درج ذیل کرداروں میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=5+5

(i) عالیہ (ii) پرکاش (iii) شریف حسین (iv) مہارانی

7- معاشرے پر ادب کے اثرات کا جائزہ پیش کیجیے۔ **یا** فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔ 10

8- ''رباعی'' اور ''افسانہ'' پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=5+5

☆

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 6 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو اعلیٰ (معروضی)

وقت: 30 منٹ

نمبر: 20

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. میر امن دہلوی کی وجہ شہرت کیا ہے؟
(A) ناول نگاری (B) افسانہ نگاری (C) داستان نگاری (D) شاعری

2. شریف حسین کا کردار ـــــــ سبق میں ہے
(A) کتبہ (B) خدا کی بستی (C) اُمراؤ جان ادا (D) باغ و بہار

3. انار کلی کس کا لکھا ہوا ڈرامہ ہے؟
(A) یونس حسرت (B) امتیاز علی تاج (C) حسینہ معین (D) میرزا ادیب

4. پریم چند کس ضلع میں پیدا ہوئے؟
(A) ضلع کرنال (B) ضلع بنارس (C) ضلع امرتسر (D) ضلع حصار

5. مقدمہ شعر و شاعری کونسی صنف ہے؟
(A) شاعری (B) تنقید (C) ناول (D) طنز و مزاح

6. پرکاش کی بیوی کا کیا نام تھا؟
(A) اوما دیوی (B) بلونت کور (C) عالیہ (D) چمپا

7. عالیہ کا کردار کس سبق سے لیا گیا ہے؟
(A) کتبہ (B) زیور کا ڈبا (C) خدا کی بستی (D) آنگن

8. پطرس بخاری کہاں پیدا ہوئے؟
(A) لاہور (B) بنارس (C) لندن (D) پشاور

9. رسم و رواج کا مصنف کون ہے؟
(A) پریم چند (B) غلام عباس (C) محمد حسین آزاد (D) سر سیّد احمد خاں

10. ''میبل اور میں'' کا مصنف کون ہے؟
(A) میر امن (B) شوکت صدیقی (C) خدیجہ مستور (D) پطرس بخاری

11. تشبیہ کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟
(A) پانچ (B) چار (C) تین (D) دو

12. استعارہ کے لغوی معنی ہیں؟
(A) بیان کرنا (B) اشارہ کرنا (C) مستعار لینا (D) سوال کرنا

13. کنایہ کے لغوی معنی ہیں۔
(A) بیان کرنا (B) سوال کرنا (C) اشارہ کرنا (D) مستعار لینا

14. جز کہہ کر کل مراد لینا کہلاتا ہے۔
(A) مجازِ مُرسل (B) کنایہ (C) استعارہ (D) تلمیح

15. ''ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی'' اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
(A) لف و نشر (B) تضاد (C) تلمیح (D) حسنِ تعلیل

16. ایہام کے لغوی معنی ہیں۔
(A) بیان دینا (B) سرقہ کرنا (C) شعر کہنا (D) وہم میں ڈالنا

17. ''کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے'' اس مصرع میں ہے۔
(A) کنایہ بعید (B) مجازِ مُرسل (C) کنایہ (D) استعارہ

18. صنعتِ تضاد سے مراد ہے۔
(A) مترادف الفاظ (B) متروک الفاظ (C) ہم جنس الفاظ (D) متضاد الفاظ

19. ہجر میں گھل گھل آدھا ہوگیا لے کے مسیحا آب میں مُوسا ہوگیا اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
(A) لف و نشر (B) کنایہ (C) صنعتِ تضاد (D) ایہام

20. ''تمہارے ہاتھ ہے شرم اِن سفید بالوں کی'' کنایہ کی نشاندہی کریں۔
(A) شرم (B) سفید بال (C) ہاتھ (D) تمہارے

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

( For all sessions )

# اُردو اعلیٰ (انشائیہ)

وقت: 2:30 گھنٹے

نمبر: 80

## حصہ اوّل

2- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے ۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے ۔ 15=1+2+12

جب قطع کی مسافتِ شب آفتاب نے
جلوہ کیا سحر کے رخِ بے حجاب نے
دیکھا سوئے فلک شہِ گردوں رکاب نے
مڑ کر صدا رفیقوں کو دی اس جناب نے
آخر ہے رات حمد و ثنائے خدا کرو
اٹھو فریضۂ سحری کو ادا کرو

3- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے ۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے ۔ 10=2x(1+4)

(الف)۔ گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے ہیں ، سچا ایک نام اُس کا
ہر اک ذرّہ فضا کا داستاں اُس کی سناتا ہے
ہر اک جھونکا ہوا کا آ کے دیتا ہے پیام اُس کا

(ب)۔ میں دیکھتا ہوں صُلح و محبت ہے اُٹھ گئی
ہر دل سے ، ہر گروہ سے ، ہر خاندان سے
اس کا سبب نہیں ہے سوا اس کے اور کچھ
یعنی کہ اُٹھ گیا ہے خدا درمیان سے

## حصہ دوم

4- درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے ۔ مصنف کا نام، سبق کا عنوان اور سیاق و سباق بھی تحریر کیجیے ۔ 10=2+1+1+6

اتنے میں ناؤ بڑھ گئی اور دریا کی لہر مجھے کہیں سے کہیں لے گئی۔ غوطے پر غوطے کھاتا تھا اور موجوں میں چلا جاتا تھا، آخر تھک گیا۔ خدا کو یاد کرتا تھا، کچھ بس نہ چلتا تھا۔ ایک بارگی کسو چیز پر ہاتھ پڑا، آنکھ کھول کر دیکھا تو یہی کتا ہے۔ شاید جس دم مجھے دریا میں ڈالا، میرے ساتھ یہ بھی کودا اور تیرتا ہوا میرے ساتھ لپٹا چلا جاتا تھا۔ میں نے اس کی دُم پکڑ لی۔ اللہ نے اس کو میرے زندگی کا سبب کیا۔ سات دن اور رات یہی صورت گزری۔

5- (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے ۔ 10=6+4

( i ) مولانا ظفر علی خاں ( ii ) میر انیس

(ب)۔ غلام عباس پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے ۔ 5=3+2

6- درج ذیل کرداروں میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے ۔ 10=5+5

(i) امراؤ جان ادا (ii) چمپا (iii) ٹھاکر (iv) جمیلہ

7- سرسیّد اور اُن کے رفقاء کی ادبی خدمات کو پیش کیجیے ۔ **یا** اردو زبان کے مستقبل پر نوٹ لکھیے ۔ 10

8- ''حمد'' اور ''ناول'' پر نوٹ تحریر کیجیے ۔ 10=5+5

☆☆☆



Roll No.________________ اُمیدوار خود پُر کرے

**( For all sessions)**

| Paper Code | 6 | 3 | 7 | 5 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو اعلیٰ (معروضی)

نمبر:20

وقت:30 منٹ

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. تشبیہ کس کو کہتے ہیں؟
(A) کسی لفظ کی وضاحت کو (B) واقعہ کی طرف اشارے کو (C) چیز کو دوسری چیز کی مانند (D) ادھار لینا

2. تشبیہ کے لئے مُستعمل الفاظ ہیں۔
(A) حرف استفہام (B) حرف شرط (C) حرف تشبیہ (D) حروف تردید

3. ''پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے''۔ اس میں حرف تشبیہ ہے۔
(A) پنکھڑی (B) گلاب (C) اک (D) کی سی

4. یہ تشبیہ ہے۔
(A) چاند چہرہ (B) سرو قد (C) ستارہ آنکھیں (D) شیر کی طرح بہادر

5. جس چیز سے تشبیہ دی جائے وہ ہے۔
(A) وجہ شبہ (B) مشبہ بہ (C) غرض تشبیہ (D) حرف تشبیہ

6. تشبیہ میں الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔
(A) مجازی معنوں میں (B) حقیقی معنوں میں (C) مرادی معنوں میں (D) لغوی معنوں میں

7. جس چیز یا شخص سے اُدھار لیا جائے وہ ہے۔
(A) وجہ جامع (B) مستعاولہ (C) مستعار منہ (D) غرض استعارہ

8. صنم آخر خدا نہیں ہوتا۔ استعارہ کی نشاندہی کریں۔
(A) خدا (B) آخر (C) صنم (D) نہیں ہوتا

9. سر سید احمد خاں نے کس صنف ادب کو اپنایا؟
(A) شاعری (B) افسانہ (C) مضمون (D) آپ بیتی

10. اردو میں مضمون نگاری کا آغاز کس نے کیا؟
(A) شبلی نے (B) سر سید نے (C) حالی نے (D) نذیر احمد نے

11. الطاف حسین حالی کہاں پیدا ہوئے؟
(A) لکھنؤ (B) پانی پت (C) دھلی (D) علی گڑھ

12. حالی کی وجہ شہرت زیادہ تر کیا ہے؟
(A) شاعری (B) افسانہ (C) طنز و مزاح (D) تنقید

13. مقدمہ شعر و شاعری کونسی صنف سے ہے؟
(A) شاعری (B) افسانہ (C) تنقید (D) طنز و مزاح

14. حالی نے شاعری کے لئے کتنی شرائط ضروری قرار دی ہیں؟
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

15. مرزا رسوا کا تعلق کس شہر سے تھا؟
(A) لاہور (B) دھلی (C) لکھنو (D) علی گڑھ

16. مرزا رسوا نے اردو کے علاوہ کس زبان میں لکھا؟
(A) انگریزی (B) پنجابی (C) سندھی (D) بلوچی

17. ''خدا کی بستی'' کے مصنف کون ہیں؟
(A) شوکت صدیقی (B) بانو قدسیہ (C) اشفاق احمد (D) جمیلہ ھاشمی

18. خدیجہ مستور کا سالِ ولادت کیا ہے؟
(A) ۱۹۲۷ (B) ۱۹۲۵ (C) ۱۹۲۱ (D) ۱۹۲۲

19. تشبیہ کے لفظی معانی کیا ہیں؟
(A) مشابہت (B) مانند (C) مختلف (D) ملتا جلتا

20. کنایہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) عربی (B) فارسی (C) ہندی (D) اردو

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

( For all sessions )

# اُردو اعلیٰ (انشائیہ)

وقت: 2:30 گھنٹے

نمبر: 80

## حصہ اوّل

-2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15=1+2+12

کیا روح فزاء جلوہ رخسار سحر ہے
کشمیر دل زار ہے فردوسِ نظر ہے
ہر پھول کا چہرہ عرق حسن سے تر ہے
ہر چیز میں اک بات ہے ہر شے میں اثر ہے
ہر سمت بھڑکتا ہے رُخِ حور کا شعلہ
ہر ذرّہ ناچیز میں ہے طور کا شعلہ

-3 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=2x(1+4)

(الف)۔ خاک چھانیں تو رہ عشقِ نبی میں چھانیں
ذرّے ذرّے سے یہاں بُوئے وفا آتی ہے
غمِ احمدؐ میں مرے دل سے نکلتا ہے دھواں
یا امنڈتی ہوئی قبلہ سے گھٹا آتی ہے

(ب)۔ میں دیکھتا ہوں صُلح و محبت ہے اُٹھ گئی
ہر دل سے ، ہر گروہ سے ، ہر خاندان سے
اس کا سبب نہیں ہے سوا اس کے اور کچھ
یعنی کہ اُٹھ گیا ہے خدا درمیان سے

## حصہ دوم

-4 درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام، سبق کا عنوان اور سیاق و سباق بھی تحریر کیجیے۔ 10=2+1+1+6

یہ کہہ کر میں یہودی کے نزدیک گیا اور کہا: آج روز ادینہ ہے ان کو کیوں ضرب شلاق کر رہا ہے؟ اس نے جواب دیا: اگر حمایت کرتے ہو تو پوری کرو، ان کے عوض روپے حوالے کرو نہیں تو اپنے گھر کی راہ لو۔ میں نے کہا: کیسے روپے! دست آویز نکال، میں روپے گن دیتا ہوں۔ ان نے کہا: تمسک حاکم کے پاس دے آیا ہوں۔ اس میں میرے دونوں غلام دو بدرہ روپے لے کر آئے۔ ہزار روپے میں نے یہودی کو دیئے اور بھائیوں کو چھڑایا۔

-5 (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=6+4

( i ) حفیظ جالندھری ( ii ) فیض احمد فیض

(ب)۔ میر امن دہلوی پر سوانحی و تنقیدی نوٹ لکھیے۔ 5=3+2

-6 درج ذیل کرداروں میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=5+5

(i) خواجہ سگ پرست (ii) سلمان (iii) چمپا (iv) دلارام

-7 سرسیّد کی علمی و ادبی خدمات پر نوٹ تحریر کیجیے۔ **یا** دبستان دلی پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10

-8 ''نظم'' اور ''ناول'' پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=5+5

☆



Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

( For all sessions)

| Paper Code | 6 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو اعلیٰ (معروضی)

وقت: 30 منٹ

نمبر: 20

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. اردو کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) فارسی (B) پنجابی (C) ہندی (D) ترکی

2. یادگارِ غالب ہے۔
(A) آپ بیتی (B) جگ بیتی (C) سوانح عمری (D) ایک کہانی

3. فسانہ عجائب کے مصنف ہیں۔
(A) میر امن (B) رجب علی بیگ سرور (C) شبلی نعمانی (D) مولانا حالی

4. مرزا ہادی رسوا نے ناول لکھا۔
(A) فردوس بریں (B) توبتہ النصوح (C) امراؤ جان ادا (D) گنج خوبی

5. سلمان کردار ہے۔
(A) فاصلے (B) خدا کی بستی (C) آنگن (D) زیور کا ڈبا

6. ان کی تحریروں میں حقیقت نگاری کا فن نمایاں ہے۔
(A) خدیجہ مستور (B) حاجرہ مسرور (C) فاطمہ (D) طاہر سعود

7. پرکاش کردار ہے۔
(A) خدا کی بستی (B) زیور کا ڈبا (C) کتبہ (D) فاصلے

8. کتبہ کا کردار ہے۔
(A) ایم شریف (B) عبداللہ حسین (C) شریف حسین (D) حسن علی

9. ڈراما فاصلے کے کردار ہیں۔
(A) سلمان اور عالیہ (B) جمیلہ اور منور (C) چمپا اور پرکاش (D) عالیہ اور کریمن بوا

10. شاعری کیلئے سب سے مُقدم اور ضروری چیز ہے۔
(A) خاص الفاظ (B) مشاہدہ (C) تخیل (D) تصورات

11. طرفین استعارہ کسے کہتے ہیں؟
(A) وجہ جامع (B) مستعار اور مستعار منہ (C) مستعار لہ (D) مستعار منہ

12. ''کُل بول کر جزو مراد لینا'' کا تعلق ہے۔
(A) کنایہ (B) استعارہ (C) مُجازِ مُرسل (D) تشبیہ

13. کنایہ کے لفظی معنی ہیں۔
(A) عام بات (B) خاص بات (C) پوشیدہ بات (D) مشہور بات

14. جس مقصد کے لئے تشبیہ دیں، کہلاتا ہے۔
(A) غرض تشبیہ (B) حرف تشبیہ (C) مشبہ (D) وجہ جامع

15. ''آرہی ہے چاہِ یوسف سے صدا'' صنعت تلاش کریں۔
(A) صنعت تضاد (B) صنعت تلمیح (C) حسن تعلیل (D) ایہام

16. ایہام کے لفظی معنی ہیں۔
(A) نظر ڈالنا (B) کاٹ ڈالنا (C) وہم میں ڈالنا (D) جھولی میں ڈالنا

17. صنعت تضاد میں ہوتے ہیں۔
(A) مترادف الفاظ (B) متضاد الفاظ (C) متفرق الفاظ (D) متروک الفاظ

18. کلام یا شعر میں ایسے الفاظ لانا، جس کے معنوں میں مناسبت ہو، صنعت ہے۔
(A) لف و نشر (B) تجنیس (C) مراعات النظیر (D) تضاد

19. تعلیل کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) فارسی (B) عربی (C) اُردو (D) ہندی

20. ترصیع کے لفظی معنی ہیں۔
(A) باتیں بنانا (B) جواہر جڑنا (C) خط لکھنا (D) وضاحت کرنا

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

( For all sessions )

# اُردو اعلیٰ (انشائیہ)

وقت: 2:30 گھنٹے

نمبر: 80

## حصہ اوّل

2- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15=1+2+12

لرزش وہ ستاروں کی ، وہ ذرّوں کا تبسم
چشموں کا وہ بہنا ، کہ فدا جن پہ ترنم
گردوں پہ سفیدی و سیاہی کا تصادُم
طوفان وہ جلووں کا ، وہ نغموں کا طلاطُم
اُڑتے ہوئے گیسو وہ نسیم سحری کے
شانوں پہ پریشان ہیں یا بال پری کے

3- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10=2x(1+4)

(الف)۔ پہنچتا ہے ہر اِک میکش کے آگے دور جام اُس کا
کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطف عام اُس کا
گواہی دے رہی ہے اُس کی یکتائی پہ ذات اُس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے ہیں ، سچا ایک نام اُس کا

(ب)۔ میں دیکھتا ہوں صلح و محبت ہے اُٹھ گئی
ہر دل سے ، ہر گروہ سے ، ہر خاندان سے
اس کا سبب نہیں ہے سوا اُس کے اور کچھ
یعنی کہ اُٹھ گیا ہے خُدا درمیان سے

## حصہ دوم

4- درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام، سبق کا عنوان اور سیاق و سباق بھی تحریر کیجیے۔ 10=2+1+1+6

کمرے میں تنہا پڑ کروہ دیر تک سوچتی رہی کہ وہ کیا کرے۔ وہ اماں کو خوش نہیں رکھ سکتی۔ انھیں خوش رکھنے کے لیے اسے اِس پرائے گھر میں پڑا رہنا ہوگا۔ تنہائی اور بیکاری میں جو جذبے اسے ستائیں گے ان سے کس طرح پیچھا چھڑائے گی اور جو یادوں کے بھوت اس کے گرد منڈلانے لگتے ہیں ان سے بچ کر وہ کہاں بھاگے گی وقت یوں نہیں گزر سکتا اسے سہارے کی ضرورت ہے اور پھر اس خیال کے ساتھ ہی جانے کیسے اس کو والٹن کیمپ کے ڈاکٹر کا خیال آ گیا۔ اچھا آدمی ہے بیچارہ۔

5- (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=6+4

( i ) علامہ اقبال ( ii ) حفیظ جالندھری

(ب)۔ پریم چند پر سوانحی و تنقیدی نوٹ لکھیے۔ 5=3+2

6- درج ذیل کرداروں میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=5+5

(i) خواجہ سگ پرست (ii) چمپا (iii) جمیلہ (iv) دلآرام

7- اردو غزل کے ارتقا پر نوٹ تحریر کیجیے۔ **یا** نظیر اکبر آبادی کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔ 10

8- ''افسانہ'' اور ''نظم'' پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10=5+5

Roll No.____________ اُمیدوار خود پُر کرے (For all sessions) Paper Code 6 3 7 2

# اُردو اعلیٰ (معروضی)

وقت:30 منٹ نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، C,B یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. خواجہ سگ پرست کا واقعہ کس داستان کا اقتباس ہے؟
(A) باغ و بہار (B) فسانہ عجائب (C) آرائش محفل (D) رانی کیتکی

2. مرزا رُسوا کی وجہ شہرت کیا ہے؟
(A) شاعری (B) مضمون نگاری (C) افسانہ نگاری (D) ناول نگاری

3. منجھلا بھائی کس محکمے میں ملازم تھا؟
(A) محکمہ زراعت (B) محکمہ انہار (C) محکمہ صحت (D) محکمہ بہبود آبادی

4. "آنگن" کی مصنفہ کا نام ہے۔
(A) جمیلہ ہاشمی (B) ہاجرہ مسرور (C) رضیہ بٹ (D) خدیجہ مستور

5. پریم چند کا اصل نام تھا۔
(A) اجیت رائے (B) دھنپت رائے (C) گنپت رائے (D) شاِل لال رائے

6. نصابی سبق " کتبہ "صنفِ تحریر ہے۔
(A) خاکہ (B) انشائیہ (C) افسانہ (D) ناول

7. ڈرامہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) فرانسیسی (B) انگریزی (C) یونانی (D) ہسپانوی

8. منور اور ارشاد دونوں ہیں۔
(A) بہنیں (B) رشتہ دار (C) سہیلیاں (D) ماموں زاد

9. نصابی سبق رسم و رواج کے مصنف کا نام ہے۔
(A) سرسید احمد خان (B) محسن الملک (C) مولوی نذیر احمد (D) مولوی چراغ حسن حسرت

10. حالی کی وجہ شہرت زیادہ تر کیا ہے؟
(A) شاعری (B) مضمون نگاری (C) افسانہ نگاری (D) طنز و مزاح

11. تشبیہ میں الفاظ کن معنوں میں استعمال ہوتے ہیں؟
(A) مجازی (B) حقیقی (C) مرادی (D) لغوی

12. لفظ "استعارہ" کا لغوی معنی ہے۔
(A) قرار دینا (B) مراد لینا (C) ادھار لینا (D) ادھار دینا

13. مجاز مرسل کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) اردو (B) ترکی (C) فارسی (D) عربی

14. "تمہارے ہاتھ ہے شرم ان سفید بالوں کی" کنایہ کی نشان دہی کریں۔
(A) شرم (B) ہاتھ (C) سفید بال (D) تمہارے

15. " کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے" مصرعے میں علمِ بیان کی کون سی صورت موجود ہے؟
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) کنایہ (D) مجاز مرسل

16. مشبہ اور مشبہ بہ کو کہتے ہیں۔
(A) وجہ جامع (B) حرف تشبیہ (C) غرض تشبیہ (D) طرفین تشبیہ

17. "جنون عشق میں اچھا برا کیا" مصرعے میں کونسی صفت استعمال کی گئی ہے؟
(A) کنایہ (B) مجاز مرسل (C) تلمیح (D) تضاد

18. "چاہِ یوسف" علم بدیع میں کیا ہے؟
(A) تلمیح (B) کنایہ (C) استعارہ (D) تشبیہ

19. " کوکب میرے افکار کے سانچے میں ڈھلے ہیں" کونسی صفت ہے؟
(A) مجاز مرسل (B) استعارہ (C) کنایہ (D) حسن تعلیل

20. کلام یا شعر میں ایسے الفاظ لانا جن کے معنوں میں مناسبت ہو کہلاتا ہے۔
(A) صنعت لف و نشر (B) صنعت حسن تعلیل (C) صنعت مراعات النظیر (D) صنعت ترصیع

Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردُو اعلیٰ (انشائیہ)

وقت: 2:30 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　نمبر: 80

## حصہ اوّل

2- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔　　15=1+2+12

اُٹھا نہ شیشہ گران فرنگ کے احساں
سفال ہند سے مینا و جام پیدا کر
میں شاخ تاک ہوں میری غزل ہے میرا ثمر
میرے ثمر سے مئے لالہ فام پیدا کر
میرا طریق امیری نہیں فقیری ہے
خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

3- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔　　10=2x(1+4)

(الف)
پہنچتا ہے ہر اک میکش کے آگے دور جام اس کا
کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطف عام اس کا
گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے ہیں سچا ایک نام اس کا

(ب)
پھاوڑا کندھے پہ رکھے آرہا ہے اک کسان
رنگ جس کے خون سے لیتے ہیں گلزاروں کے پھول
دل میں جینے کی تمنائیں فضا ناساز گار
آنکھ میں سرخی، لبوں پہ پپڑیاں، نتھنوں میں دھول

## حصہ دوم

4- درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام، سبق کا عنوان اور سیاق و سباق بھی تحریر کیجیے۔　　10=2+1+1+6

قوت متخیلہ کوئی شے بغیر مادہ کے پیدا نہیں کر سکتی بلکہ جو مصالح اس کو خارج سے ملتا ہے اس میں وہ اپنا تصرف کر کے ایک نئی شکل تراش لیتی ہے۔ جتنے بڑے بڑے نامور شاعر دنیا سے گزرے ہیں وہ کائنات یا فطرتِ انسانی کے مطالعہ میں ضرور مستغرق رہے ہیں۔ جب رفتہ رفتہ اس مطالعہ کی عادت ہو جاتی ہے تو ہر ایک چیز کو غور سے دیکھنے کا ملکہ ہو جاتا ہے۔

5- (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔　　10=6+4

(i) مولانا ظفر علی خان　　(ii) الطاف حسین حالی

(ب) شوکت صدیقی پر سوانحی و تنقیدی نوٹ لکھیے۔　　5=3+2

6- درج ذیل کرداروں میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔　　10=5+5

(i) امراؤ جان ادا　(ii) سلمان　(iii) عالیہ　(iv) چمپا

7- علامہ اقبال کی شاعری کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ **یا** ترقی پسند تحریک کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔　　10

8- "افسانہ" اور "قصیدہ" پر نوٹ تحریر کیجیے۔　　10=5+5